**Fazil / Tausif**

**16-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- انتخابی کمیشن، آج آسام، کیرالم اور پدوچیری میں آسمبلی انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔

2- کمیشن نے مغربی بنگال میں انتظامیہ میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کی ہے۔ دُشینت نریالہ کو نئے چیف سکریٹری کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔

3- اُڈیشہ کے کٹک ضلع میں آج صبح SCB میڈیکل کالج و اسپتال کے ICU میں آگ لگنے کے سبب 10 افراد ہلاک ہوگئے۔

4- ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس، مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران آج 48 پروازیں چلائیں گی۔

5- بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے رکن ممالک، تیل کی عالمی قیمتوں سے نمٹنے کیلئے ہنگامی طور پر بڑی مقدار میں تیل جاری کریں گے۔

6- اور لاس اینجلس میں 98 ویں اکیڈمی ایوارڈس کا اعلان کردیا گیا ہے۔ **One Battle After Another** فلم نے بیسٹ پکچر کا ایوارڈ حاصل کیا ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Rev.EC - Assembly Election**

آسام، کیرالم اور پڈوچیری میں آسمبلی انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔

اس سے پہلے بھارت کے انتخابی کمیشن نے کل اعلان کیا کہ آسام، کیرالم، پڈوچیری اور تمل ناڈو میں واحد مرحلے میں، جبکہ مغربی بنگال میں دو مرحلوں میں انتخابات کرائے جائیں گے۔ نئی دلّی میں کل انتخابی شیڈیول کا اعلان کرتے ہوئے

چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا کہ آسام، کیرالم اور پڈوچیری میں 9 اپریل کو، جبکہ تمل ناڈو میں 23 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مغربی بنگال میں دو مرحلوں میں 23 اور 29 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں ریاست کے 152 اور دوسرے مرحلے میں 142 اسمبلی حلقوں کا احاطہ کیا جائے گا۔

**S/B - Gyanesh Kumar - Polling**

سبھی 4 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔

تمل ناڈو اسمبلی انتخابات اور مغربی بنگال کے پہلے مرحلے کیلئے نوٹیفکیشن 30 مارچ کو جاری کیا جائے گا۔ مغربی بنگال پولنگ کے دوسرے مرحلے کیلئے 2 اپریل کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔

چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا کہ اسمبلی انتخابات کے شیڈیول کے اعلان کے ساتھ ہی سبھی 4 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں مثالی ضابطۂ اخلاق فوری طور سے نافذ العمل ہو گیا ہے۔

ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی، SIR پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب کمار نے کہا کہ آئین کی دفعہ 326 کے تحت یہ مشق انجام دی جا رہی ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ کوئی بھی اہل ووٹر باہر نہ رہے اور کوئی نااہل شخص ووٹر فہرست میں شامل نہ ہو جائے۔

**S/B - Gyanesh Kumar - SIR**

**Puduchery Election**

اسمبلی انتخابات کے کل کے اعلان کے بعد پڈوچیری کے 30 اسمبلی حلقوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج سے شروع ہوگا۔ لیفٹننٹ گورنر کی جانب سے عوامی نمائندگی کے قانون کے تحت گیزٹ نوٹیفکیشن جاری ہونے کے بعد نامزدگی داخل کرنے کا عمل باضابطہ طور پر شروع ہو جائے گا۔ امیدوار، آج سے 23 مارچ تک پڈوچیری میں نامزد 17 رِٹرننگ افسران کے پاس اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کر سکتے ہیں۔ امیدوار، اپنے کاغذاتِ نامزدگی آن لائن طریقے سے بھی داخل کر سکتے ہیں، تاہم اُنہیں بعد میں اپنی درخواستوں کی Printed نقل بذاتِ خود رِٹرننگ افسران کے پاس جمع کرانی ہوگی۔

درخواستوں کی جانچ 24 مارچ کو ہوگی اور 26 مارچ تک امیدواری واپس لی جا سکتی ہے۔

پڈوچیری قانون ساز اسمبلی کیلئے 9 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے، جبکہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Bibin S Nath**

*پڈوچیری کے چیف انتخابی افسر پی جواہر نے سیاسی جماعتوں سے مثالی ضابطۂ اخلاق کی پاسداری کرنے اور آزادانہ، منصفانہ اور پُر امن انتخابات کے انعقاد کیلئے مکمل تعاون کی درخواست کی ہے۔ کل میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ اس مرتبہ 90 فیصد سے زیادہ رائے دہی کے ساتھ پڈوچیری، مثالی مرکز کے زیر انتظام علاقے کے طور پر اُبھرے گا۔ سال 2021 میں پڈوچیری میں 82 فیصد پولنگ درج کی گئی تھی۔ جناب جواہر نے بتایا کہ تازہ اعداد و شمار کے مطابق*

پڈوچیری میں رائے دہندگان کی مجموعی تعداد 9 لاکھ 48 ہزار 977 ہے، جس میں 4 لاکھ 45 ہزار 761 مرد ووٹرز اور 5 لاکھ 3 ہزار 76 خواتین ووٹرز ہیں۔ 140 ووٹرز کا تعلق تیسری جنس سے ہے۔

چیف انتخابی افسر نے رائے دہندگان سے درخواست کی ہے کہ وہ مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق شکایت کیلیے ٹول فری ہیلپ لائن نمبر 1950 یا C-Vigil موبائل ایپلیکیشن کا استعمال کر سکتے ہیں۔ جناب جواہر نے مزید کہا کہ رائے دہندگان، ECI Net پلیٹ فارم پر Know Your Candidate سہولت کا استعمال کرتے ہوئے امیدواروں کے پس منظر کے بارے میں جانکاری حاصل کر سکتے ہیں۔

پڈوچیری سے Bibin ایس ناتھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں اسعداللہ

## Assam Polling

انتخابی کمیشن نے اتوار کو اعلان کیا ہے کہ آسام میں اسمبلی انتخابات 9 اپریل کو ہوں گے، جبکہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگاروں سے

**V/C - Aminul**

انتخابی کمیشن آسام اسمبلی انتخاب کیلیے نوٹیفکیشن آج جاری کرے گا۔ 126 سیٹوں میں سے 9 سیٹیں درج فہرست ذاتوں، جبکہ 19 سیٹیں درج فہرست قبائل کیلیے مختص ہیں۔ دو کروڑ 50 لاکھ رائے دہندگان ہیں، جبکہ 31 ہزار 486 پولنگ مراکز پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

گوہاٹی سے امین الحق جوادر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں اسلم بیگ

## EC By Polls

انتخابی کمیشن نے 6 ریاستوں کے 8 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اسمبلی حلقے ہیں: گوا کی پونڈا سیٹ، گجرات میں Umreth ، کرناٹک میں باگل کوٹ اور دیوان گیری، مہاراشٹر کے Rahuri اور بارامتی، تریپورہ کے دھرما نگر اور ناگالینڈ کے Koridang۔ چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کل شام نئی دلّی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گوا، کرناٹک، ناگالینڈ اور تریپورہ کے ضمنی انتخابات کیلیۓ نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا اور ووٹنگ 9 اپریل کو ہوگی۔ گجرات اور مہاراشٹر کے ضمنی انتخابات کیلیۓ 30 مارچ کو نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا، جبکہ 23 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ جناب کمار نے مزید کہا کہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔×

## EC - WB Transfer

بھارتی کے انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ریاستی انتخابات کے اعلان کے بعد ریاست کے سینئر افسران کے تبادلوں کا اعلان کیا ہے۔ اپنے خط میں کمیشن نے کہا ہے کہ اُس نے ریاستی قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات کی پولنگ کی تیاریوں

کا جائزہ لیا ہے اور تبادلوں کے احکامات دیے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے یہ بھی ہدایت دی کہ ریاستی حکومت کے چیف سکریٹری کے طور پر نندنی چکربورتی کی جگہ دُشئینت نریالہ کا تقرر کیا جائے۔

محترمہ سنگھ مِترا کو مغربی بنگال حکومت کی داخلی اور پہاڑی علاقوں کی پرنسپل سکریٹری کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔

انتخابی کمیشن کے سکریٹری سُجیت کمار مشرا نے کہا کہ کمیشن کے احکامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے اور مذکورہ افسران کے رجوع ہونے سے متعلق تعمیل پر مبنی رپورٹ آج سہ پہر تین بجے تک بھیجی جانی ہے۔ اس کے علاوہ خط میں کہا گیا ہے کہ تبادلہ کیے گئے افسران کو انتخابات کی تکمیل تک انتخابات سے متعلق کسی بھی عہدے پر فائز نہ کیا جائے۔×

## BJP Assembly Polls

BJP صدر نتن نبن نے کہا ہے کہ NDA اور BJP کارکن آنے والے انتخابات کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ 4 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے انتخابات کی تاریخوں کے اعلان کے بعد سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب نبن نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں NDA ایک بار پھر آسام اور پڈوچیری میں حکومت بنانے والا ہے۔ جناب نبن نے کہا کہ عوام کے آشیرواد سے مغربی بنگال، تمل ناڈو اور کیرالم میں بھی NDA کی جیت کا راستہ ہموار ہو رہا ہے۔×

## Rajya Sabha Election

بہار، اُڈیشہ اور ہریانہ میں راجیہ سبھا کی گیارہ سیٹوں کی آج پولنگ ہوگی۔ 26 رہنما بلا مقابلہ منتخب ہوئے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے گزشتہ ماہ 10 ریاستوں میں راجیہ کی 37 سیٹوں کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔

ہمارے پٹنہ کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ بہار میں راجیہ سبھا کی پانچ سیٹوں کیلئے ووٹنگ ہوگی۔

اُڈیشہ میں راجیہ سبھا کے 4 ممبران کے انتخاب کیلئے ووٹنگ ہوگی، جس میں 5 امیدوار میدان میں ہیں۔ ہریانہ میں راجیہ سبھا کیلئے دو سیٹوں پر الیکشن ہو رہا ہے۔×

## Parliament Today

لوک سبھا میں آج ریلوے کی وزارت کے سال 2026-27 کے مطالبات زر پر غور و خوض اور ووٹنگ کی جائے گی۔ اس کے علاوہ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت سے متعلق سال 2026-27 کے تحت مطالباتِ زر پر غور و خوض بھی کیا جائے گا۔

راجیہ سبھا میں تخصیص کے بل 2026 پر غور و خوض کیا جائے گا اور اسے واپس لوک سبھا بھیجا جائے گا۔ اِس بل کے تحت مالی سال 2025-26 کی خدمات کیلئے بھارت کے قومی خزانے سے کچھ مدوں کے تحت تخصیص اور ادائیگی کی جاسکے گی۔×

## Cuttack Medical Fire

اُڈیشہ میں آج صبح سویرے کٹک کے SCB میڈیکل کالج و اسپتال کے Trauma کیئر سینٹر میں بڑے پیمانے پر آگ لگ جانے کے سبب کم سے کم 10 افراد ہلاک ہوگئے۔ اسپتال کے عملے کے تقریباً 11 ارکان، مریضوں کو بچاتے ہوئے متاثر ہوئے ہیں۔ افسران نے بتایا کہ یہ آگ آج صبح تقریباً 3 بجے لگی، شک ہے کہ آگ کا یہ حادثہ شورٹ سرکٹ کی وجہ سے پیش آیا۔

وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی، اُڈیشہ کے وزیر صحت مکیش مہالِنگ کے ساتھ جائے حادثہ پر پہنچے اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے مرنے والوں کے کنبوں کیلئے 25-25 لاکھ روپے کی امدادی رقم کا اعلان کیا ہے اور افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ زخمیوں کا مناسب طور پر علاج کرائیں۔

مرنے والوں میں زیادہ تر وہ مریض تھے، جو ICU میں داخل تھے۔ اِس حادثے کے دوران، آگ سے حفاظت کا نظام فعال کردیا گیا اور آگ بجھانے والی تین گاڑیاں آگ بجھانے کیلئے استعمال کی گئیں۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Qatar Advisory**

امریکہ کی وسطیٰ کمان نے کہا ہے کہ ایران کی فوجوں نے پڑوسی ملکوں پر ہزاروں ڈرون اور میزائل حملے کیے ہیں، جن میں ہوٹلوں، کمرشل ہوائی اڈوں، رہائشی علاقوں اور معاشی بنیادی ڈھانچے سمیت بہت سے شہری مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔
اُس نے یہ بھی کہا کہ امریکہ کے حملہ آور ڈرونز کو صرف ایران کی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے کیلئے استعمال کیا جارہا ہے۔

دوسری طرف، ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کو، کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ وہ امریکہ کے ساتھ بات چیت کرے۔ جناب عراقچی نے کہا کہ ایران نے نہ تو کسی سمجھوتے کی خواہش کا اظہار کیا ہے اور نہ ہی کسی بات چیت کا۔ ایران نے اِس طرح کے دعووں کو محض مغالطہ قرار دیا ہے۔×

**West Asia - India Flights**

اسرائیل، امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کے بعد، مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس، آج سے خطے کیلئے، آنے اور جانے والی 48 پروازیں چلائے گی۔ اِن میں بھارتی شہروں اور جدہ کے درمیان 10 پروازیں اور مسقط سے آنے اور جانے والی 12 پروازیں شامل ہیں۔

ایئر انڈیا نے ایک پریس ریلیز میں کہا کہ وہ دلّی اور ممبئی سے واپسی والی ایک پرواز چلائے گی، جبکہ ایئر انڈیا ایکسپریس بنگلورو، کوژی کوڈ اور مینگلور سے ایک-ایک پرواز چلائے گی۔ ایئر انڈیا ایکسپریس، مسقط سے بھی آنے اور جانے والی 12 پروازیں چلائے گی، جس میں سے دلّی، کنّور، ممبئی اور ترووننتپورم سے آنے اور جانے والی ایک پرواز اور کوچی سے دو

پروازیں شامل ہیں۔

اسپائس جیٹ بھی متحدہ عرب امارات میں فجیرہ سے بھارت کیلئے خصوصی پروازیں چلائے گی۔ وہ دلّی سے پُنے تک کیلئے بھی ایک خصوصی پرواز چلائے گی۔

دوحہ میں بھارتی سفارتخانے نے اعلان کیا ہے کہ قطر ائیرویز، بھارت کیلئے اگلے دو دن میں مزید تین پروازیں چلائے گی۔ یہ پروازیں نئی دلّی، ممبئی اور کوچی کیلئے چلائی جائیں گی۔ سفارتخانے نے کہا کہ وہ پھنسے ہوئے بھارتی شہریوں اور ایمرجنسی معاملات میں مدد کیلئے مقامی حکام اور قطر ائیرویز کے ساتھ رابطہ رکھے ہوئے ہے۔ اِن میں سَلوا سرحد سے سعودی عرب کے راستے، 96 ویں گھنٹے کے عارضی ٹرانزٹ ویزا کے ذریعے سفر بھی شامل ہے۔

گلف ائیر نے بتایا کہ کُچھ پروازیں، بحرین کے فضائی راستے بند ہوجانے کے سبب دمام میں شاہ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے سے چلائے گی۔

ایران اور عراق پر فضائی راستے بند ہونے کے سبب پروازوں کو زیادہ طویل متبادل راستے اختیار کرنا پڑرہے ہیں۔ اِس کے سبب، شہری ہوابازی کے ڈائیریکٹوریٹ جنرل نے ائیر انڈیا کی پروازوں کے محصول ضابطوں میں عارضی طور پر کُچھ نرمی کی ہے۔

ائیر لائنز مسافروں کو مشورہ دے رہی ہے کہ وہ ہوائی اڈہ روانہ ہونے سے پہلے اپنی پروازوں کی تازہ صورتحال کے بارے میں جانکاری حاصل کرلیں، کیونکہ جنگ کی وجہ سے پروازوں کے اوقات میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔×

**IEA - Oil Release**

بین الاقوامی توانائی ایجنسی IEA نے کہا ہے کہ اُس کے رکن ممالک، تیل کی عالمی قیمتوں میں کمی لانے میں مدد کیلئے، ہنگامی ذخیروں سے بڑی مقدار میں تیل جاری کریں گے۔ ایجنسی نے ایک بیان میں کہا کہ ایشیا اور اوشیانہ کے ممالک یہ تیل فوری طور پر جاری کریں گے، جبکہ یوروپ اور امریکہ کے ذخیروں سے تیل اِس مہینے کے آخر میں جاری کیا جائے گا۔

IEA نے اعلان کیا کہ وہ تقریباً 40 کروڑ بیرل تیل جاری کرے گی، جو 2022 میں، جب روس نے یوکرین میں دراندازی کی تھی، جاری کیے گئے 18 کروڑ 27 لاکھ بیرل سے، دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔×

**Jaishankar - Cyprus FM**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برسلز میں، قبرص کے اپنے ہم منصب Constantinos Kombos سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے طور طریقوں پر بات چیت کی اور مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے یوروپی یونین اور بھارت کے درمیان بڑھتی ہوئی سرگرمیوں میں قبرص کی حمایت، خاص طور پر یوروپی یونین کونسل کی قبرص کی صدارت کو سراہا، جس کی وہ فی الحال ذمہ داری نبھا رہا ہے۔×

**Odisha Tornado**

اُڈیشہ میں کُل میور بھنج ضلعے میں ایک طوفان میں دو افراد ہلاک اور بہت سے شدید زخمی ہوگئے۔ اِس طوفان میں 200 سے زیادہ مکانات کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ تیز ہواؤں کی وجہ سے ضلعے کے کم سے کم 12 گاؤوں میں بہت سے درخت اور بجلی کے کھمبے اُکھڑ گئے۔ شدید زخمیوں کو قریب کے اسپتال منتقل کردیا ہے، جبکہ دیگر تقریباً 40 افراد کے معمولی چوٹیں آئی ہیں۔ ضلعے کے کرنجیا بلاک میں Kia اور Kankada گاؤں سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ ریاستی سرکار نے مرنے والوں کے کنبوں کیلئے چار-چار لاکھ روپے کی امدادی رقم کا اعلان کیا ہے۔

اِسی دوران، بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج میور بھنج ضلعے کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے اور تیز ہواؤں کی پیش گوئی کی ہے۔

اُڈیشہ کے سُندر گڑھ، کیون جھار، بالا سُر اور بھدرک ضلعوں کیلئے بھی Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔×

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج بہار، مشرقی اترپردیش، بنگال کے گنگائی علاقے، جھارکھنڈ، اُڈیشہ اور اتراکھنڈ کے الگ الگ مقامات پر ژالہ باری اور گرج چمک کے ساتھ اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں کل تک بھاری بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے اگلے دو سے تین روز کے دوران بہار، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، لداخ، اُڈیشہ، بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطّے، اترپردیش اور ملک شمال-مشرقی حصوں میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہواؤں کے چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

## Uttrakhand Rain

محکمۂ موسمیات نے اتراکھنڈ کے پہاڑی ضلعوں کے زیادہ تر مقامات پر جمعے کے روز تک موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ 3 ہزار 200 میٹر سے زیادہ بلندی پر واقع مقامات پر برفباری بھی ہوسکتی ہے۔ میدانی خطّوں کے کچھ مقامات پر ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش کا امکان ہے۔ اس دوران ریاست کے متعدد مقامات پر کل رات ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش درج کی گئی۔ کیدارناتھ، بدری ناتھ، گنگوتری اور یمنوتری جیسے بلند و بالا مقامات پر برفباری ہوئی، جس کے نتیجے میں درجۂ حرارت میں کمی واقع ہوئی ہے۔×

## Rev. 98th Academy Awards

لاس اینجلس میں ڈولبی تھئیٹر میں 98 ویں اکاڈمی ایوارڈس کی تقریب اختتام پذیر ہوئی۔ بیسٹ پکچر کا ایوارڈ One Battle After Another کو دیا گیا ہے۔ اِس فلم نے 13 نامزدگیاں حاصل کی تھیں اور مجموعی طور پر 6 ایوارڈس جیتے ہیں۔

Paul thomas Anderson کو، اِسی فلم کیلئے بہترین ہدایت کار کا خطاب دیا گیا ہے۔ بہترین اداکار کا ایوارڈ Sinners فلم کیلئے Michael B Jordan کو دیا گیا ہے۔ بہترین اداکارہ کا ایوارڈ Jessie Buckley کو Hamnet کیلئے دیا گیا ہے۔

دیگر اہم زمروں میں **Sinners** فلم نے بہترین **Cinematography** اور بہترین **Original Score** کا خطاب جیتا ہے، جبکہ **One Battle After Another** بہترین ایڈیٹنگ کا ایوارڈ حاصل کیا ہے۔

تقریب میں تاریخ ساز فلم شخصیتوں کو بھی خراج عقیدت پیش کیا گیا، جن کا پچھلے سال کے دوران انتقال ہوگیا ہے۔
اِن میں **Robert Redford**، **Diane keateon** اور **Rob Reiner** شامل ہیں۔×

**MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK New**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''صارفین کے حقوق کے عالمی دن کے موقعے پر، صارفین کے حقوق اور ذمہ داریوں'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک - صفر چار آٹھ ایک

صفر ایک ایک - دو تین سات ایک - سات ایک ایک سات

صفر ایک ایک - دو تین سات ایک - سات ایک صفر چھ

اور

صفر ایک ایک - دو تین تین ایک - چار چار چار چار

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ **Askair** کے ساتھ **X** پر بھی بھیج سکتے ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: اسعداللہ
شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے انتخابی کمیشن کی طرف سے پانچ

ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیے جانے کی خبر کو صفحۂ اول پر شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ چناؤ 9 اپریل سے 29 اپریل کے درمیان کرائے جائیں گے، جبکہ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو ہوگی۔

'وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے یوروپی یونین کے اپنے ہم منصبوں سے ملاقات کی۔ اِس ملاقات کا مقصد یوروپی شراکت داروں کے ساتھ بھارت کی شمولیت کو مزید مضبوطی فراہم کرنا ہے۔' اِس خبر کو پرتاپ نے صفحۂ اول پر نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے: ایران سے بھارتی طلباء کے پہلے قافلے کی آمد، طلباء نے بھارتی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

جموں و کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ پر حملے کی تحقیقات کیلئے جموں و کشمیر پولیس نے سات رکنی خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی تشکیل کی۔ اِس خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی خبر ہے : امریکہ-اسرائیل اور ایران جنگ کے پیش نظر CBSE نے مغربی ایشیا کے کئی ممالک میں بارہویں جماعت کے بورڈ امتحانات کو منسوخ کیا۔×

<u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- انتخابی کمیشن، آج آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری کرے گا۔

2- کمیشن نے مغربی بنگال میں انتظامیہ میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کی ہے۔ دُشینت نریالہ کو نئے چیف سکریٹری کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔

3- اُڈیشہ کے کٹک ضلعے میں آج صبح SCB میڈیکل کالج و اسپتال کے ICU میں آگ لگنے کے سبب 10 افراد ہلاک ہوگئے۔

4- ائیر انڈیا اور ائیر انڈیا ایکسپریس، مغربی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران آج 48 پروازیں چلائیں گی۔

5- بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے رکن ممالک، تیل کی عالمی قیمتوں سے نمٹنے کیلئے ہنگامی طور پر بڑی مقدار میں تیل جاری کریں گے۔

6- اور لاس اینجلس میں 98 ویں اکیڈمی ایوارڈس کا اعلان کردیا گیا ہے۔ One Battle After Another فلم نے بیسٹ پکچر کا ایوارڈ حاصل کیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---